Alberta

# نیوز ریلیز

## کمیونٹی فزیشنز جلد ہی ویکسینز لگائیں گے

16 مارچ، 2021ء

---

### کمیونٹی فزیشنز جلد ہی کووِڈ-19 ویکسین لگانا شروع کر دیں گے، اور جتنی جلدی ممکن ہوا مزید البرٹنز کو اپنی خوراک لگوانے میں مدد دیں گے۔

جیسے جیسے ویکسین کی فراہمی بڑھتی جا رہی ہے، البرٹا ہیلتھ، البرٹا میڈیکل ایسوسی ایشن (اے ایم اے) کے ساتھ کمیونٹی فزیشنوں کو ویکسین کی تقسیم کے منصوبے میں شامل کرنے کیلئے کام کر رہی ہے۔

اس کے نتیجے میں البرٹا کے فزیشنوں اور خود مختار کلینکوں کی طرف سے 500 سے زائد دلچسپیوں کا اظہار کیا گیا ہے۔ جیسے ہی سپلائی اجازت دیتی ہے، مشترکہ طور پر، 1,100 فزیشنوں پر مشتمل 185 فزیشن کلینکیں ایک اندازے کے مطابق روزانہ کی 14,000 خوراکوں کی اضافی صلاحیت پیدا کریں گی۔ کچھ فزیشن پہلے ہی ویکسین لگانے میں البرٹا ہیلتھ سروسز (اے ایچ ایس) کی مدد کر رہے ہیں۔

توقع کی جاتی ہے کہ پہلے کمیونٹی فزیشنز اپریل میں اپنی کلینکوں میں ویکسین لگانا شروع کر دیں گے۔ میڈیکل بینیفٹس کے شیڈول میں نئے عارضی بِلنگ کوڈز شامل کئے جا رہے ہیں تا کہ فزیشنز اس خدمت کیلئے بِل بھیج سکیں۔ آنے والے دنوں میں تفصیلات کے ساتھ ایک میڈیکل بلیٹن جاری کیا جائے گا۔

فزیشنز اور صحت کی نگہداشت کرنے والے دیگر پیشہ ور افراد پر مشتمل تیز چلنے والی کلینکوں کیلئے منصوبہ بندی جاری ہے، اگر ضرورت پڑی، تو مستقبل میں انہیں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اگر البرٹا کو ویکسین کی فراہمی میں غیر متوقع طور پر اضافہ ہوا تو یہ کلینکس استعمال کی جائیں گی۔

آج تک، البرٹا میں کووِڈ-19 ویکسین کی 368,000 سے زائد خوراکیں لگائی جا چکی ہیں، جن میں 91,000 سے زائد افراد کو دو خوراکوں سے مکمل طور پر حفاظتی ٹیکے لگائے گئے ہیں۔

#### فوری حقائق

- البرٹا میں تقریباً 5,600 فیملی ڈاکٹر ہیں
- البرٹا ہیلتھ اور اے ایم اے باہمی تعاون کے ساتھ کام کر رہے ہیں تا کہ اس بات کو یقینی بنانے میں مدد مل سکے کہ البرٹا کی ویکسین کی فراہمی مؤثر ہے اور اسے مؤثر طریقے سے استعمال کیا جاتا ہے اور البرٹنز کو قابل اعتماد ذرائع سے اپنے ویکسین کے فیصلوں سے آگاہ کرنے کیلئے معلومات تک رسائی حاصل ہے۔

### متعلقہ معلومات

- البرٹنز کیلئے کووِڈ-19 کی معلومات
- کووِڈ-19 سیلف ایسیسمینٹ ٹول

**میڈیا انکوائریز**

استیو بیوئیک(Steve Buick)
780-288-1735
پریس سیکریٹری، ہیلتھ
شان روپ نرائن (Shan Rupnarain)
اے ای ڈی پبلک افیئرز، اے ایم اے

*مزید حکومتی ترجمہ شدہ وسائل کیلئے، براہِ کرم ملاحظہ کریں:* *https://www.alberta.ca/covid-19-translated-resources.aspx*